188814

۹۱۳۶۵۴
س - س

DAMAGE
BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188814
UNIVERSAL
LIBRARY

# سلسلۃ الملوک

جسکو ڈاکٹر سر سید احمد خان صاحب مرحوم نے

۱۸۵۲ء میں منصف درجہ اول شاہجہان آباد (دہلی)

ہونے کے زمانہ میں تصنیف کیا اور چھپوایا تھا

اب ۱۸۹۹ء میں اسکو بجنسہ نقل کرکے

مطبع خادم التعلیم پنجاب لاہور میں باہتمام منشی محمد عبد العزیز منیجر کے چھپایا گیا

قیمت فی جلد ۴/

سلسلۃ الملوک
Checked 1969.
Checked 1976
CHECKED 1951
۱۲۹۶۲
Checked 1965
CHECKED 1958

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد خیر خلقہ وعلی آلہ واصحابہ افضل الصلوٰۃ واکمل السلام۔ اللہ اور اللہ کے رسول کی حمد ونعت کے بعد سید احمد خاں بیٹا سید محمد متقی خاں بہادر مرحوم اور پوتا جواد الدولہ جواد علی خاں بہادر مرحوم اور نواسہ نواب دبیر الدولہ امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خاں بہادر مصلح جنگ مغفور کا یہ عرض کرتا ہے کہ جس زمانہ میں صاحب والامناقب عالی مناصب عدالت گستر رعیت پرور مسٹر آرتھر آسٹن روبرٹ صاحب بہادر دام اقبالہ کلکٹر ومجسٹریٹ شاہجہان آباد نے کتاب آثار الصنادید کا انگریزی میں ترجمہ شروع کیا۔ اور اس کی نہائت صحت کی تاکید فرمائی۔ توبسبب اختلاف کتب تواریخ اور غلطی کاتبوں کے ہر امر کی صحت میں کمال دقت اور نہایت تکلف ہوتی تھی۔ اور بسبب نہ مرتب ہونے سلسلہ حکومت بادشاہوں اور راجوں کے اس کتاب کی صحت نہ ہوسکتی تھی کیونکہ اس کتاب میں اگلے بادشاہوں اور امیروں اور راجاؤں کی بنائی ہوئی عمارتوں کا حال ہے۔ پھر جب تک کہ ان بادشاہوں اور راجاؤں کا حال بصحت معلوم نہ ہو اس وقت تک اس کتاب کی صحت کیونکر ہو۔ اس واسطے میں نے دلی کے بادشاہوں اور راجاؤں کی فہرست بنائی۔ جس میں پانچ ہزار برس کے بادشاہوں اور راجاؤں کا حال تھا۔ اتفاق سے وہ فہرست صاحب بہادر کے ملاحظہ سے گذری اور پسند طبع عالی ہوئی۔ اس سبب سے میں نے خیال کیا کہ اگر وہ فہرست بطریق اسلوب مرتب ہوجاوے اور ایک کتاب بن جاوے تو نہایت مفید ہوگی اور یہ مختصر کتاب وہ فائدہ دیگی جو بڑی بڑی کتابوں سے

بھی حاصل نہ ہوتا۔ اللہ تعالےٰ نے میرے اس ارادے کو پورا کیا۔ اور رفتہ رفتہ وہ فہرست ایک کتاب بن گئی۔ اور **سلسلۃ الملوک** اس کا نام رکھا۔ خدا کرے کہ پسند طبع صاحب ممدوح کے ہو۔ جن کی قدردانی اور رئیس پروری سے یہ عجیب چیز تالیف ہوئی۔ لیکن راجاؤں اور بادشاہوں کا حال بیان کرنے سے پہلے چند باتیں قابل جان لینے کے ہیں ✦

**پہلی یہ** کہ جو شخص ہندؤں کی تاریخ لکھنے کا ارادہ کرے۔ اس کو لازم ہے کہ پہلے حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلواۃ والسلام کے طوفان کی تحقیق بیان کرے کہ وہ کیا تھا۔ اور کیونکر اور کب تھا۔ کیونکہ ہندو تو زمانہ کو قدیم مانتے ہیں اور بہت پُرانی تاریخوں کا ذکر کرتے ہیں۔ اور نہایت پُرانے حالات بیان کرتے ہیں۔ اور ہم لوگ اہل کتاب اس بات کے قائل ہیں کہ جو کچھ سلسلہ اب عالم میں ہے وہ سب طوفان نوح کے بعد کا ہے۔ پھر ہندؤں کی تاریخ کی صحت کیونکر ہو۔ اس واسطے پہلے طوفان نوح کا حال بیان کرنا چاہئیے۔

**واضح ہو** کہ وہ قومیں جو مشبہ بالکتاب ہیں۔ یعنے اگرچہ اپنے پاس اللہ کی بھیجی ہوئی کتاب بتاتی ہیں لیکن ہم لوگ اُس کو نہیں مانتے۔ حضرت نوح کے طوفان کے قائل نہیں۔ اور وہ چار قومیں ہیں۔ **ایک ہندو** جن کی تاریخ ہم بیان کرتے ہیں۔ **دوسرے** خطا اور چین والے۔ **تیسرے** مجوسی یعنی پارسی آگ کے پوجنے والے۔ **چوتھے** اگلے زمانے کے ترک۔ اور اُن کے سوا اہل کتاب یعنے وہ قومیں جن پر اللہ نے کتاب نازل کی۔ وہ سب طوفان کے قائل ہیں۔ اور وہ بھی چار قومیں ہیں۔ **ایک** وہ لوگ جو حضرت موسےٰ علیہ السلام سے پہلے اگلے نبیوں کی امت میں تھے۔ **دوسرے** یہودی حضرت موسےٰ علیہ السلام کی امت والے **تیسرے** نصاریٰ حضرت عیسےٰ وعلیٰ نبینا وعلیہ الصلواۃ والسلام کی امت والے۔ **چوتھے مسلمان** حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت والے۔ بعضے مجوسیوں نے اس بات کا اقرار کیا ہے کہ طوفان تمام عالم میں نہ تھا۔ بلکہ صرف بابل اور اُس کے قرب وجوار میں تھا۔ اور عقبہ حلوان سے جو ہوائین میں کا ایک شہر

عراق عرب میں بغداد اور اصفہان کے بیچ میں ہے طوفان نے تجاوز نہیں کیا۔ اسی سبب سے کیومرث کی اولاد جو مشرق میں رہتی تھی طوفان سے بچ گئی۔ اسی طرح ترک اور ہند اور چین والے بھی کہہ سکتے ہیں۔ مگر یہ بات بالکل غلط ہے۔ کیونکہ توریت مقدس سے ثابت ہوتا ہے کہ طوفان تمام عالم میں تھا۔ چنانچہ توریت مقدس کے رسالہ پیدائیش کے ساتویں باب کے اُنیسویں ورس میں لکھا ہے۔ کہ پانی نے زمین پر بہت سے بہت غلبہ کیا کہ جتنے اونچے پہاڑ آسمان کے نیچے تھے سب چھپ گئے۔ اور اسی باب کے تیئیسویں ورس میں لکھا ہے کہ خدا نے چاہا کہ تمام کائنات جو زمین پر ہے۔ انسان اور چوپایہ اور حشرات اور پرند جانور سب کو زمین پر سے مٹا دے صرف حضرت نوح اور جو اُن کے ساتھ کشتی میں تھے بچ گئے۔ ہندؤں کی تاریخ جو پانچ ہزار برس پہلے کی ہے وہ تو ایک افسانہ سا معلوم ہوتا ہے۔ الّا پانچ ہزار برس کی تاریخ جو ہم لکھتے ہیں قریب القیاس اور صحیح معلوم ہوتی ہے۔ اور یہ بھی اُسی پر دلیل ہے کہ طوفان کے بعد جو حال ہے وہ صحیح اور اُس سے پہلے کا بطور کہانی ہے۔ اب یہ بات قابل بیان کے رہ گئی کہ طوفان کو کتنی مدت ہوئی۔ خاص مسلمانوں کی مذہبی کتابوں میں طوفان کے مدت کا بیان نہیں الّا توریت مقدس میں کہ جس کو مسلمان بھی مانتے ہیں عالم کی پیدائش اور طوفان کے مدت کا مذکور ہے۔ توریت مقدس کی کتابیں جو پائی جاتی ہیں تین ہیں۔ **ایک** توریت سامریہ جس کو انگریزی میں سمارٹین کہتے ہیں۔ **دوسری** اصل عربی۔ **تیسری** یونانی جس کو انگریزی میں سپتواجنت کہتے ہیں۔ اِن تینوں توریتوں سے مدت پیدائیش عالم اور زمانہ طوفان کا مختلف نکلتا ہے۔ مگر تاریخ والے یونانی توریت پر اعتبار کرتے ہیں۔ کیونکہ اس توریت کا ترجمہ دو سو ستتر برس پہلے سن مسیحی سے بہتر علماء یہود نے بطلیموس ثانی کے لئے جو اسکندر کے بعد دوسرا بطلیموس ہے کیا تھا۔ اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے پیدا ہونے کے بعد عبری توریت پر یہودیوں کی دشمنی اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام پر ایمان نہ لانے کے سبب بھروسا نہیں کرتے۔ اسی سبب ہم نے

بھی جو طوفان کی مدت اختیار کی ہے وہ یونانی توریت مقدس کے حساب پر درست ہے۔ چنانچہ اس مقام پر ہم ان حسابوں کو بیان کرتے ہیں ؛

حساب توریت یونانی

| نام واقعہ | تعداد زمانہ | کیفیت |
|---|---|---|
| از ہبوط آدم تا طوفان | ۲۲۴۲ | |
| از طوفان تا ولادت ابراہیم | ۱۰۸۱ | |
| از ولادت ابراہیم تا وفات موسے | ۵۴۵ | |
| از وفات موسے تا ظہور بخت نصر | ۹۷۹ | اس مدت سے منجمین دوسو پچاس برس کم کرتے ہیں۔ |
| از ظہور بخت نصر تا غلبہ سکندر بر دارا | ۴۳۴ | |
| از زمان سکندر تا ولادت مسیح | ۳۰۴ | |
| از ولادت حضرت مسیح تا ہجرت | ۶۳۱ | |
| از ہجرت تا الیوم سنہ ۱۸۴۲ء مطابق سنہ ۱۲۶۸ ہجری | ۱۲۶۲<br>۷۴۴۶ | |

اس حساب بموجب طوفان کو پانچ ہزار دو سو چار برس ہوئے۔ اور عالم نے یہ تاریخ چار ہزار نو سو ستتر برس کی لکھی ہے۔ کہ طوفان سے دو سو ستائیس برس بعد کی ہے۔ اور ممکن ہے کہ اس مدت میں حضرت نوح کی اولاد تمام عالم میں منتشر ہوگئی ہو۔ اور ہندوستان میں بھی آبسی ہو۔ کیونکہ طوفان کے ایک برس بعد بابل آباد ہوا۔ اور انسان عالم میں منتشر ہونے لگے۔ اور زبانوں کی تبدیل شروع ہوگئی ؛

حساب توریت سامریہ

| نام واقعہ | تعداد زمانہ | کیفیت |
|---|---|---|
| از ہبوط آدم تا طوفان | ۱۳۰۷ | |
| از طوفان تا ولادت حضرت ابراہیم | ۹۴۲ | |
| از ولادت ابراہیم تا وفات موسے | ۵۴۵ | |
| از وفات موسے تا ولادت حضرت مسیح | ۱۷۱۷ | اس مدت میں سے منجمین دوسو پچاس برس کم کرتے ہیں |

| نام واقعہ | تعداد زمانہ | کیفیت |
|---|---|---|
| از ولادت حضرت مسیح تا ہجرت | ۶۳۱ | |
| از ہجرت تا الیوم ۱۸۵۲ء مطابق ۱۲۶۸ ہجری المقدس | ۱۲۳۰ ۶۳۶۷ | |

اس حساب بموجب طوفان کو پانچ ہزار ساٹھ برس ہوئے۔ مگر اس توریت پر تاریخ والے بھروسہ نہیں کرتے۔ کیونکہ اس توریت سے ثابت ہوا کہ ہبوط آدم اور طوفان میں ایک ہزار تین سو سات برس کا فاصلہ ہے۔ اور جب طوفان آیا تو عمر حضرت نوح کی بالاتفاق چھ سو برس کی تھی۔ اور حضرت آدم کی عمر بالاتفاق نو سو تیس برس کی ہوئی۔ تو اس سے لازم آیا کہ حضرت نوح نے دو سو برس تک حضرت آدم کو دیکھا ہو اور نیز اپنے آبا و اجداد سے ملاقات کی ہو۔ اور یہ نہیں ہوا۔ اس سبب سے اہل تاریخ نے اس توریت کو چھوڑ دیا +

حساب توریت عبرانی

| نام واقعہ | تعداد زمانہ | کیفیت |
|---|---|---|
| از ہبوط آدم تا طوفان | ۱۶۵۶ | |
| از طوفان تا ولادت حضرت ابراہیم | ۲۹۱ | |
| از ولادت ابراہیم تا وفات موسے | ۵۴۵ | |
| از وفات موسے تا ولادت مسیح | ۱۷۱۷ | اس مدت سے منجمین دو سو انچاس برس کم ہوئے۔ |
| از ولادت حضرت مسیح تا ہجرت | ۶۳۱ | |
| از ہجرت تا الیوم ۱۸۵۲ء مطابق ۱۲۶۸ ہجری | ۱۲۳۰ ۶۰۷۱ | |

اس حساب بموجب طوفان کو چار ہزار چار سو پندرہ برس ہوئے۔ مگر اس توریت پر بھی تاریخ والے بھروسہ نہیں کرتے۔ کیونکہ اس توریت کے بموجب طوفان میں اور ولادت حضرت ابراہیم میں دو سو بانوے

برس کا فاصلہ ہے۔ اور طوفان کے بعد حضرت نوح بالاتفاق ساڑھے تین سو برس زندہ رہے۔ اس سے لازم آیا کہ حضرت نوح نے اٹھاون برس تک حضرت ابراہیم سے ملاقات کی ہو۔ اور یوں نہیں ہوا۔ کیونکہ حضرت نوح کے بعد حضرت ہود کے امت ہوئی۔ اور اس کے بعد حضرت صالح کی امت ہوئی۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم کی امت ہوئی۔ اس سبب سے اہل تاریخ نے اس توریت کو بھی چھوڑ دیا۔ علاوہ اس کے یونانی توریت کے اختیار کرنے کا بڑا سبب یہ ہے کہ کتب بنی اسرائیل میں خبر تھی کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام پانچ ہزار برس کے بعد چھٹے ہزار برس میں پیدا ہونگے۔ یہ خبر یونانی توریت کے حساب بموجب صحیح پڑتی ہے اور اور توریتوں کا حساب ٹھیک نہیں آتا۔ کیونکہ حضرت عیسےٰ کے پیدا ہونے کے بعد یہودیوں نے آپ کی دشمنی سے زمانہ کی مدت کو کم کردیا۔ اس حکمت سے کہ جس زمانہ میں جو شخص پیدا ہوا تھا اس سے سو برس پہلے کی پیدائش بیان کی۔ مثلاً حضرت آدم کی عمر دو سو تیس برس کی تھی۔ جب حضرت شیث پیدا ہوئے یہودیوں نے بیان کیا کہ اس زمانہ میں حضرت آدم کی عمر ایک سو تیس برس کی تھی۔ اسی طرح ہر جگہ کمی کردی کہ کسی کے عمر میں بھی کمی نہ ہوئی۔ اور زمانہ کی مدت کم ہوگئی جب ایسا کر چکے تو کہنے لگے کہ حضرت عیسےٰ تو شروع پانچویں ہزار برس میں پیدا ہوگئے۔ ان کی خبر تو چھٹے ہزار برس میں پیدا ہونے کی تھی ؛

حساب مختار اہل تاریخ انگریزی

| سال ماقبل سنہ مسیحی | نام واقعہ | زمانہ مابین الوقعتین | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۴۰۰۴ | ہبوط آدم | ۰ | |
| ۲۳۴۸ | طوفان | ۱۶۵۶ | موافق توریت عبری |
| ۱۹۹۶ | ولادت ابراہیم | ۳۵۲ | مخالف تینوں توریتوں کے |
| ۱۴۵۱ | وفات موسے | ۵۴۵ | ؍؍ ؍؍ ؍؍ |

| ...ل ماقبل سنہ مسیحی | نام واقعہ | زمانہ مابین الواقعتین | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۷۴۷ | بخت نصر | ۷۰۴ | |
| ۳۳۱ | غلبہ سکندر بر دارا | ۴۱۶ | |
| ۴ | ولادت مسیح | ۳۲۷ | |
| ۰ | شروع سنہ مسیحی | ۴ | |
| ۰ | از شروع سنہ مسیحی تا الیوم سنہ ۱۸۵۲ء | ۱۸۵۲ | |
| | | ۵۸۵۶ | |

اس حساب بموجب طوفان کو چار ہزار دو سو برس ہوئے۔ مگر اس حساب پر بھی دو اعتراض ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ تینوں توریتوں کے برخلاف ہے۔ دوسرے یہ کہ اس حساب سے بھی حضرت مسیح کی ولادت چھٹے ہزار برس میں نہیں آتی۔ اس واسطے اس حساب کو بھی چھوڑ دیا۔ دوسری یہ کہ ہندوؤں کے ہاں مہابھارت کے بعد کوئی کتاب تصنیف نہیں ہوئی۔ اور اسی سبب سے اگلے راجاؤں کا حال نہیں پایا جاتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں یہ رواج تھا کہ ہر ایک خاندان کا بھاٹ اور جگہ ہوتا تھا۔ وہی اس خاندان کے حال اور نسب سے واقفیت رکھتا تھا۔ اور اُس خاندان کا سلسلہ اپنی پوتھیوں میں لکھ رکھتا تھا اور جو کچھ اور حادثات ہوتے تھے وہ بھی اسی پوتھی میں داخل ہوتے تھے۔ یہ دستور اب تک قائم ہے۔ ہندوستان کے جتنے قدیم زمیندار اور راجہ ہیں سب کے خاندان کے بھاٹ اور جگہ اب تک موجود ہیں۔ اور بدستور اُس خاندان کا حال اپنی پوتھی میں اب تک لکھتے ہیں۔ اور درحقیقت جو حال اُس خاندان کا اُن سے معلوم ہوتا ہے اور طرح پر معلوم ہونا ممکن نہیں۔ اور یہی دستور فارس کے ملک میں بھی تھا۔ کیونکہ شاہنامہ میں جہاں یہ مذکور آتا ہے کہ دہقان کہن سال نے یہ بات کہی اس سے وہی بھاٹ اور جگہ مراد ہے۔ جب کہ ہندوستان کی حکومت ضعیف ہو گئی اور مسلمانوں نے غلبہ پایا تب اُن کے عہد میں ہندوستان کے راجاؤں کا سلسلہ درست کرنا چاہا۔ اور پہلی پرانی

پوتھیاں اور پنے تلاش ہوئے - اور ان سے فارسی میں کچھ کچھ ترجمہ ہوا - ان تاریخ کی کتابوں اور پوتھیوں کے ترجموں میں کئی خرابیاں واقع ہوئیں - **ایک یہ** کہ مثلاً کسی تاریخ لکھنے والے کو کوئی پنہ پوتھی کا بابت کسی ایک خاندان سنکے نہیں ملا تو اُس کتاب میں سے وہ سارے کا سارا خاندان لکھنے سے رہ گیا -

**دوسری یہ** کہ کسی پوتھی میں کسی راجہ کے اولاد کا مذکور تھا - حالانکہ وہ راجہ نہیں ہوئے اور مسند حکومت پر نہیں بیٹھے - مگر تاریخ لکھنے والے نے ان سب کا نام سلسلہ حکومت میں داخل کر دیا - **تیسری یہ** کہ مثلاً کوئی راجہ دو یا تین ناموں سے مشہور ہے - اس کو جُدا جُدا راجہ خیال کر کر ہر ایک کا نام لکھدیا - **چوتھی یہ** کہ مدت سلطنت میں جس کے اسباب بہت متعدد خیال میں آسکتے ہیں اختلاف پڑ گیا ہے - جس نے اپنی کتاب میں سے کوئی خاندان سارے کا سارا حذف کر دیا ہے اُس نے تو مدت سلطنت مدت سے زیادہ بڑھا دی ہے - اور جس کسی نے کچھ نام بڑھا دئے ہیں اُس نے مدت گھٹا دی ہے - پھر اسپر بھی حساب کرو تو ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سب یقینی غلط ہے اور ان سب سے زیادہ یہ بات ہے کہ کاتبوں نے ان تاریخوں کو غلط کر دیا ہے کہ ایک کتاب دوسری کتاب سے نہیں ملتی - مسلمان بادشاہوں کے عہد میں جو کتابیں تصنیف ہوئی ہیں یہ عیب اُن میں بھی ہے کہ اکثر کاتبوں نے ان کتابوں کو نہایت غلط کر دیا ہے یہاں تک کہ اگر ایک ہی کتاب کا دوسرے نسخے سے مقابلہ کیا جاوے تو آپس میں بہت تفاوت نکلتا ہے علاوہ اس کے خود تصنیف کرنے والوں نے بھی اس پر خیال نہیں کیا - کہ جو سنہ اور سال ہم لکھتے ہیں وہ حساب کے رُو سے بھی ٹھیک آتا ہے یا نہیں - اِن خرابیوں پر خیال کرنے سے آدمی بہت حیران ہو جاتا ہے اور یقین جانتا ہے کہ ہندؤں کی تاریخ کا سلسلہ درست ہونا نہایت دُشوار ہے - ہم نے اپنی دانست میں اور اپنے مقدور بھر ان سب باتوں پر خیال کیا - اور جہاں تک ہو سکا اِن خرابیوں کو درست کیا - اور جس جگہ ہم نے راجاؤں کی مدت سلطنت اور سال جلوس میں اختلاف پایا اُس

کتاب کی بات معتبر جانی کہ جس کی مدت سلطنت اور سال جلوس حساب کے رُو سے بھی صحیح آن کر پڑے۔ علاوہ اس کے بعضے سن ایسے ہیں کہ وہ نہایت مشہور ہیں۔ اور اُن میں غلطی کا احتمال نہیں جیسے سمبت بکرماجیت یا ساکھا سالباہن۔ یا سال کلجگ۔ اس کے سوا بعضے ایسی تاریخیں ہیں جو اُسی زمانہ سے مکانات پر کندہ ہیں۔ جیسے کہ سلطان شہاب الدین غوری کے فتح کرنے کی تاریخ بسیہ سالا ہی قطب الدین ایبک مسجد قوت الاسلام کے دروازہ پر کندہ ہے۔ اس قسم کے سال اور تاریخ کو ہم نے بطور مرکز کے قرار دیا۔ اور جس حساب سے یہ تاریخیں صحیح نکلیں اُسی حساب سے ہم نے صحیح جانا۔ غرض کہ ہم نے اس تاریخ کے لکھنے میں وہ سعی اور کوشش کی ہے کہ ہماری دانست میں اس سے زیادہ صحت متصور نہیں۔ الا صحت ناموں میں ہم مجبور ہو گئے۔ کہ راجاؤں کے ناموں کی صحت کما حقہ جیسا کہ ہم چاہتے تھے ویسی نہیں ہو سکی۔ علاوہ اس کے اصلی نام اور مشہور نام راجاؤں کے ہم نے اس کتاب میں لکھے ہیں۔ مگر ہم کو یقین ہے۔ کہ اِن ناموں کے سوائے اور بھی نام راجاؤں کے مشہور ہوں۔ الا ان کا احاطہ کرنا ایک امر دشوار ہے +

**تیسری** یہ کہ اس کتاب میں ہندو راجاؤں کی جس قدر مدت سلطنت لکھی ہے وہ سب شمسی حساب سے ہے۔ اور مسلمان بادشاہوں کی مدت سلطنت قمری حساب پر ہے۔ کیونکہ تاریخ کی کتابوں میں اسی طور پر لکھا ہے۔ مگر احداد زمانہ سب بحساب شمسی مندرج ہے +

**چوتھی** یہ کہ مولف کتاب دستور العمل نے مدت سلطنت راجاؤں کا اننگ پال تنور تک لکھی ہے۔ اس میں ماہ اور یوم کی کسرات جو قلیل تھی چھوڑ دی ہے۔ اور جو کثیر تھی پوری کر دی ہے۔ ہم نے بھی اسی دستور کو اختیار کیا۔ کیونکہ ان راجاؤں کا سلسلہ بلا کسرات بھی درست ہونا مشکل تھا۔ چہ جائیکہ اس میں حساب شہور اور ایام کا لکھا جاوے +

**پانچویں** یہ کہ اس بیان پر یہ تفریح ہوتی ہے کہ اگر کوئی سکہ کسی راجہ کا ہاتھ

آوے اور جس قدر مدت سلطنت اُس راجہ کی اُس کتاب میں لکھی ہے اُس سے ایک برس زیادہ کا سنہ اُس سکہ میں پڑا ہو تو اس کتاب کی غلطی خیال نہ کریں۔ اور جان لیں کہ یہ ایک سنہ کی زیادتی اُسی کسر کی بابت ہے جو واسطہ سہولیت حساب کے چھوڑ دی گئی ہے +

**چھٹی** یہ کہ اس کتاب میں جن سنوں کا مذکور ہے اُن کی تفصیل بقید مطابقت اس مقام پر لکھ دیتے ہیں +

| جدول مطابقت سنین | |
|---|---|
| نام سنہ | تعداد سال |
| طوفانی | ۵۲۰۴ |
| ساکھا راجہ جدھشٹر | ۴۹۷۷ |
| سال کلجگ | ۴۹۵۳ |
| اسکندری | ۲۱۶۵ |
| سمبت بکرماجیت | ۱۹۰۹ |
| عیسوی | ۱۸۵۲ |
| ساکھا سالباہن | ۱۷۷۴ |
| ہجری قمری | ۱۲۶۸ |

**ساتویں** یہ کہ جن کتابوں سے یہ تاریخ منتخب کی گئی ہے اُن کی فہرست اس مقام پر مندرج کرتے ہیں۔ ترجمہ فارسی مہابھارت۔ ترجمہ فارسی بھاگوت۔ پوتھی کرک سنکھنا۔ راجا ولی تصنیف ولی۔ راجا ولی دیگر جس کے مصنف کا نام بسبب نہ ہونے سرے کے اوراق کے معلوم نہ ہوا۔ منتخب دستورات ہند مسمی بدستور العمل جو کسی شخص نے بطور خلاصہ انتخاب کیا ہے۔ اور نیز ابجد حساب راجاؤں کا اُس میں صحیح پایا گیا۔ طبقات اکبری۔ تاریخ فرشتہ۔ بادشاہوں کا حال اکثر اسی تاریخ پر مبنی ہے۔ خلاصۃ التواریخ۔ مرآت آفتاب نما۔ آئین اکبری۔ جام جم +

## سلسلہ فرمانروایان دار الملک اندرپت و دہلی از ابتدائے راجہ جدہشٹر لغایت سنہ ۱۸۵۲ء مطابق سنہ ۱۲۸۸ ہجری

| نمبر | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دار السلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | راجہ جدہشٹر | راجہ پانڈو | سنہ ۲۷ طوفانی سنہ ۵۱ جدہشٹر ۳۶ سال قبل شروع کلجگ | ہستناپور | ۴۹۷۷ | ۳۶ سال بعد جنگ مہابھارت | کلجگ کے دسویں برس مطابق چونتیسویں سال جلوس جدہشٹر کے کرشن اوتار نے وفات پائی اور راجہ جدہشٹر نے ریاست چھوڑ کر کوہ ہماچل میں اپنے تئیں برف میں ڈال کر گلا دیا ۔ |
| ۲ | راجہ پریچھت | ابھمن بن راجہ ارجن بن راجہ پانڈو | سنہ ۶۳ جدہشٹر ۱۲ سال کلجگ | ہستناپور | ۴۹۴۱ | ۶۰ سال | راجہ جدہشٹر کی اجازت سے مسند پر بیٹھا ۔ اور سانپ کے کاٹنے سے مرگیا ۔ |
| ۳ | راجہ جنمیجہ | راجہ پریچھت | سنہ ۹۶ جدہشٹر | ہستناپور | ۴۸۸۱ | ۸۵ سال | |
| | راجہ شتانیک ولد راجہ جنمیجہ | راجہ جنمیجہ | سنہ ۱۸۱ | ″ | ۴۷۹۶ | ۸۳ سال | |

| نمبرشمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دار السلطنت | امتداد زمانه | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | راجه بھصنر انیک عرف راجه ادہمن | راجه شمید | سنه ۲۶۴ جدهشتر | ہستناپور | ۴۷۱۳ | ۸۸ سال | |
| ۶ | اَشومی دیج عرف راجه مہاجی | راجه ادہمن | سنه ۳۵۲ | " | ۴۶۲۵ | ۸۲ سال | |
| ۷ | آ شبن کرشن عرف چتررتھ | راجه مہاجی | سنه ۴۳۴ | " | ۴۵۴۳ | ۷۵ سال | |
| ۸ | نہچی عرف راجه دشت وان | چتررتھ | سنه ۵۰۹ | اول ہستناپور بعدهٗ کنار کوشکی ندی وبعدهٗ اندرپت | ۴۴۶۸ | ۷۶ سال | گنگا کے چڑھاؤ سے ہستناپور بہ گیا - اس سبب سے اس راجه نے پہلے دکن میں کوشکی ندی کے کنارہ پر شہر بسانا چاہا اور پھر اندرپت میں چلا آیا ✦ |
| ۹ | راجه چکلر عرف اوگرسین | دشت وان | سنه ۵۸۵ | اندرپت | ۴۳۹۲ | ۷۹ سال | |
| ۱۰ | راجه چتررتھ عرف سوگرسین | اوگرسین | سنه ۶۶۴ | " | ۴۳۱۲ | ۸۰ سال | |
| ۱۱ | بگیرتھ عرف سونتھ | سورسین | سنه ۷۴۴ | " | ۴۲۳۳ | ۶۹ سال | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | پرشت مان عرف (ریمی یا سربلجی) | سونہھ | سنہ ۸۱۳ جلد ہشتم | اندرپت | ۴۱۶۴ | ۶۹ سال | |
| ۱۳ | سوسین عرف راجہ برچھل | ریمی یا سربلجی | سنہ ۸۸۲ | ″ | ۴۰۹۵ | ۶۵ سال | |
| ۱۴ | راجہ سونحھ عرف سکھپال | راجہ برچھل | سنہ ۹۴۷ | ″ | ۴۰۳۰ | ۶۲ سال | |
| ۱۵ | راجہ نرچک شو عرف نرہر دیو | راجہ سکھپال | سنہ ۱۰۰۹ | ″ | ۳۹۹۸ | ۵۱ سال | |
| ۱۶ | سکھی نل عرف سورج رتھ | نرہر دیو | سنہ ۱۰۶۰ | ″ | ۳۹۱۷ | ۴۲ سال | |
| ۱۷ | پریلو عرف راجہ بجوبت | سورج رتھ | سنہ ۱۱۰۲ | ″ | ۳۸۷۵ | ۵۸ سال | |
| ۱۸ | راجہ سونی | بہوبت | سنہ ۱۱۶۰ | ″ | ۳۸۱۷ | ۵۶ سال | |
| ۱۹ | راجہ مبد ماوے | راجہ سونی | سنہ ۱۲۱۶ | ″ | ۳۷۶۱ | ۵۲ سال | |

| نمبر شمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دار السلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | نرپت لنکھے عرف شرون پتر | مبدھادسے | سنہ ۲۶۹ اجدہشٹر | اندرپت | ۳۷۰۹ | ۵۶ سال | |
| ۲۱ | دھرم رتھ عرف بھیکم | شرون چتر | سنہ ۱۳۲۴ | // | ۳۶۵۳ | ۴۸ سال | |
| ۲۲ | راجہ نمی عرف راجہ سندر گھد یا بدارتھ | راجہ بھیکم | سنہ ۱۳۷۲ | // | ۳۶۰۵ | ۴۶ سال | |
| ۲۳ | برہدرتھ عرف راجہ دسوان | راجہ بدارتھ | سنہ ۱۴۱۸ | // | ۳۵۵۹ | ۴۵ سال | |
| ۲۴ | شودراس عرف اودنی پال یا دپال | راجہ دسوان | سنہ ۱۴۶۳ | // | ۳۵۱۴ | ۴۵ سال | |
| ۲۵ | شتانیک عرف ابھی دھر | اودنی پال | سنہ ۱۵۰۸ | // | ۳۴۶۹ | ۵۱ سال | |
| ۲۶ | درومن عرف دنڈیان | راجہ ابھی دھر | سنہ ۱۵۵۹ | // | ۳۴۱۸ | ۳۹ سال | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۷ | بکھی نرعرف دربل راسے | ونڈپان | سنہ ۱۵۹۸ | اندرپت | ۲۳۷۹ | ۴۲سال | |
| ۲۸ | دنڈپانی عرف شتانیک یا وشت پال | دربل راسے | سنہ ۱۶۴۰ | ٬٬ | ۲۳۳۷ | ۳۶سال | |
| ۲۹ | راجہ بھی عرف کھیم پال | شتانیک | سنہ ۱۶۷۶ | ٬٬ | ۲۳۱۰ | ۵۸سال | |
| ۳۰ | بکھتی نک عرف راجہ کھیمن | کھیم پال | سنہ ۱۷۳۴ | ٬٬ | ۳۲۴۳ | ۴۹سال<br>۱۷۸۳ | تیس آدمیوں نے چند رنسیوں کی قوم سے ایکہزار سات سو تراسی برس حکومت کی۔ آخر کو بسراوہ وزیر نے راجہ کھیمن کو مارا اور گدی پر بیٹھا |
| ۳۱ | راجہ بسراوہ | | سنہ ۱۷۸۳ | ٬٬ | ۳۱۹۴ | ۱۷سال | |
| ۳۲ | سورج سین | بسراوہ | سنہ ۱۸۰۰ | ٬٬ | ۳۱۷۷ | ۴۳سال | |
| ۳۳ | راجہ بیرساہ | سورج سین | سنہ ۱۸۴۳ | ٬٬ | ۳۱۳۴ | ۵۳سال | |
| | راجہ انیک ساہ یا رب سین | بیرساہ | سنہ ۱۸۹۶ | ٬٬ | ۳۰۸۱ | ۴۸سال | |

| نمبر شمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دار السلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۵ | راجہ ہرجیت یا پترسپال | راجہ اینک سیاہ | سنہ ۱۹۴۴ [illegible] | اندرپت | ۳۰۴۳ | ۳۶ سال | |
| ۳۶ | راجہ دربہہ یا نرپت | راجہ ہرجیت | سنہ ۱۹۸۰ | 〃 | ۲۹۹۷ | ۴۴ سال | |
| ۳۷ | راجہ سدھی پال یا راجہ ہرخیت | راجہ دربہہ | سنہ ۲۰۲۴ | 〃 | ۲۹۵۳ | ۳۰ سال | |
| ۳۸ | راجہ برست یا راجہ دربہہ | راجہ سدھی پال۔ | سنہ ۲۰۵۴ | 〃 | ۲۹۲۳ | ۴۳ سال | |
| ۳۹ | راجہ سنجی | راجہ برست | سنہ ۲۰۹۷ | 〃 | ۲۸۰۰ | ۳۲ سال | |
| ۴۰ | راجہ امرجودہ | راجہ سنجی | سنہ ۲۱۲۹ | 〃 | ۲۸۴۸ | ۲۷ سال | |
| ۴۱ | امین پال یا راجہ بلارتھ | راجہ امرجودہ | سنہ ۲۱۵۶ | 〃 | ۲۸۲۱ | ۲۳ سال | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۲ | راجہ سروپ ہے | راجہ ابین پال | سنہ ۲۱۷۹ جدہشٹر | اندرپت | ۲۷۹۸ | ۴۷ سال | |
| ۴۳ | راجہ پدارتھ | راجہ سروپ ہے | سنہ ۲۲۲۶ | // | ۲۷۵۱ | ۴۵ سال | |
| ۴۴ | راجہ بدہمل | راجہ پدارتھ | سنہ ۲۲۵۱ | // | ۲۷۲۶ | ۳۲ سال / ۵۰۰ | چودہ آدمیوں نے پانسو برس تک حکومت کی بالاخر کو بیرباہ وزیر نے راجہ بدہمل کو مارا اور آپ گدی پر بیٹھا |
| ۴۵ | راجہ بیرباہ | | سنہ ۲۲۸۳ | // | ۲۶۹۴ | ۳۶ سال | |
| ۴۶ | مرارسنگھ | بیرباہ | سنہ ۲۳۱۹ | // | ۲۶۵۸ | ۲۸ سال | |
| ۴۷ | شترکن | مرارسنگھ | سنہ ۲۳۴۷ | // | ۲۶۳۰ | ۲۱ سال | |
| ۴۸ | مہی پت یادھن پت | شترکن | سنہ ۲۳۶۸ | // | ۲۶۰۹ | ۲۵ سال | |
| ۴۹ | مہابل | مہی پت | سنہ ۲۳۹۳ | // | ۲۵۸۴ | ۴۱ سال | |

| نمبرشمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دار السلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | سروپ وت | صابن | سنہ ۲۴۳۵ جبشتر | اندرپت | ۲۵۴۳ | ۲۷سال | |
| ۵۱ | متر سین | سروپ وت | سنہ ۲۴۶۲ | // | ۲۵۱۵ | ۲۴سال | |
| ۵۲ | راجہ سکھ دان | راجہ متر سین | سنہ ۲۴۸۶ | // | ۲۴۹۱ | ۱۷سال | |
| ۵۳ | راجہ جیت مل | راجہ سکھ دان | سنہ ۲۵۰۳ | // | ۲۴۷۴ | ۲۹سال | |
| ۵۴ | راجہ پال سنگھ | راجہ جیت مل | سنہ ۲۵۳۲ | // | ۲۴۴۵ | ۴۰سال | |
| ۵۵ | راجہ گلمنی | راجہ پال سنگھ | سنہ ۲۵۷۲ | // | ۲۴۰۵ | ۴۲سال | |
| ۵۶ | راجہ شتر ہرن | راجہ گلمنی | سنہ ۲۶۱۴ | // | ۲۲۶۳ | ۹ سال | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۷ | راجہ جیون جات | راجہ شتر مرون | سنہ ۲۶۲۳ جدھشٹر | اندرپت | ۲۳۵۴ | ۲۷ سال | |
| ۵۸ | راجہ پریچھت | راجہ جیون جات | سنہ ۲۶۵۰ | // | ۲۳۲۷ | ۱۴ سال | |
| ۵۹ | راجہ بیرسین | راجہ پریچھت | سنہ ۲۶۶۴ | // | ۲۳۱۳ | ۳۵ سال | |
| ۶۰ | راجہ اودپت | راجہ بیرسین | سنہ ۲۶۹۹ | // | ۲۲۷۸ | ۲۴ سال [illegible] | سولہ آدمیوں نے چار سو چالیس برس تک حکومت کی۔ اخیر کو دہرنی دہر وزیر نے راجہ اودپت کو مارا اور آپ گدی پر بیٹھا۔ |
| ۶۱ | راجہ دہرنی دہر | | سنہ ۲۷۲۳ | // | ۲۲۵۴ | ۴۳ سال | |
| ۶۲ | راجہ سین دُھج | راجہ دہرنی دہر | سنہ ۲۷۶۶ | // | ۲۲۱۱ | ۵۶ سال | |
| ۶۳ | مہی کُنٹک | سین دُھج | سنہ ۲۸۲۲ جدھشٹر سنہ ۱۰ اسکندری | اندرپت اول بعدہٗ دہلی۔ | ۲۱۵۵ | ۱۴ سال | یہ راجہ سکندر رومی کا ہمعصر تھا۔ اور اسی راجا کے زمانہ میں قنوج میں راجہ دہلو راجہ تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں دہلی کے راجا قنوج کے راجاؤں کے تابعدار تھے۔ اسی سبب راجہ دہلو نے اپنے نام پر اندرپت میں دہلی شہر بسایا۔ اور اصل نام |

| نمبر شمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دار السلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۴ | مہاجُودہ | مہی کوٹک | سنہ ۲۸۶۳ جدھشٹر | دہلی | ۲۱۱۴ | ۵۴ سال | |
| ۶۵ | بیرناتھ | مہاجودہ | سنہ ۲۹۰۸ | // | ۲۰۶۹ | ۲۸ سال | |
| ۶۶ | جیون راج | بیرناتھ | سنہ ۲۹۳۶ | // | ۲۰۴۱ | ۴۵ سال | |
| ۶۷ | اودی سین | جیون راج | سنہ ۲۹۸۱ | // | ۱۹۹۶ | ۳۷ سال | |
| ۶۸ | راجہ انند جک | اودی سین | سنہ ۳۰۱۸ | // | ۱۹۵۹ | ۵۳ سال | |
| ۶۹ | راجہ اچپال | راجہ انند جک | سنہ ۳۰۷۱ | // | ۱۹۰۶ | ۲۶ سال / ۳۷۴ | نو آدمیوں نے تین سو چوہتر برس تک حکومت کی۔ اخیر [illegible] بھگونت کماؤن کے راجہ نے دلی کو فتح کیا + |
| ۷۰ | راجہ بھگونت [illegible] | ۰ | سنہ ۳۰۹۷ | // | ۱۸۸۰ | ۱۳ سال | بکرماجیت کی لڑائی میں مارا گیا + |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۱ | راجہ بکرماجیت والی اوجین | راجہ گندھرب سین۔ | سنہ ۳۱۱۰ جدھشٹر • کلجگ ۳۰۸۶ سمت ۴۲ بکرماجیت | اوجین | ۱۸۶۷ | ۹۳ سال | جبکہ راجہ بکرماجیت راجہ سالباہن دکن کے راجہ کی لڑائی میں مارا گیا۔ دلی کے لوگوں نے ملکر سمندر پال جوگی کو دلی کی حکومت پر بٹھایا + |
| ۷۲ | راجہ سمندر پال جوگی | •• | سمت ۱۳۵ ب سنہ سالباہن | دہلی | ۱۷۷۴ | ۲۴ سال | |
| ۷۳ | راجہ چندر پال | سمندر پال | سمت ۱۵۹ ب سنہ ۱۰۲ ع | ″ | ۱۷۵۰ | ۲۷ سال | |
| ۷۴ | نی پال | چندر پال | سمت ۱۰۶ ب سنہ ۲۹ ع | ″ | ۱۷۲۳ | ۲۱ سال | |
| ۷۵ | ویس پال | نی پال | سمت ۲۰۳ ب سنہ ۱۵۰ ع | ″ | ۱۷۰۲ | ۱۴ سال | |
| ۷۶ | سکھپال | ویس پال | سمت ۲۲۱ ب سنہ ۱۶۴ ع | ″ | ۱۶۸۸ | ۱۹ سال | |
| ۷۷ | گوبند پال | سکھپال | سمت ۲۴۰ ب سنہ ۱۸۳ ع | ″ | ۱۶۶۹ | ۱۸ سال | |

| نمبر شمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دارالسلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۸ | لکھ پال | گوبند پال | سمت ۲۵۸ ب<br>سنہ ۲۰۱ ع | دہلی | ۱۶۵۱ | ۲۲ سال | |
| ۷۹ | ہرچند پال | لکھ پال | سمت ۲۸۰ ب<br>سنہ ۲۲۳ ع | // | ۱۶۲۹ | ۱۳ سال | |
| ۸۰ | مہی پال | امرت پال بن ہرچند پال | سمت ۲۹۳ ب<br>سنہ ۲۳۶ ع | // | ۱۶۱۶ | ۱۵ سال | |
| ۸۱ | ہرپال | مہی پال | سمت ۳۰۸ ب<br>سنہ ۲۵۱ ع | // | ۱۶۰۱ | ۱۴ سال | |
| ۸۲ | مدن پال | ہرپال | سمت ۳۲۲ ب<br>سنہ ۲۶۵ ع | // | ۱۵۸۷ | ۱۸ سال | |
| ۸۳ | بکرم پال | مدن پال | سمت ۳۳۸ ب<br>سنہ ۲۸۱ ع | // | ۱۵۶۹ | ۱۵ سال | |
| ۸۴ | بکرم پال یا تکھیم پال | کرم پال | سمت ۳۵۵ ب<br>سنہ ۲۹۸ ع | // | ۱۵۵۴ | ۱۲ سال<br>۲۳۲ | تیرہ آدمیوں نے دو سو بتیس برس حکومت کی۔ اخیر کو راجہ ملوک چند بھٹراج نے اس سے لڑ کر فتح پائی |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۵ | ملوک چند | | سمت ۳۶۶ ب<br>سنہ ۳۱۰ ع | دہلی | ۱۵۴۲ | ۲ سال | |
| ۸۶ | بکرم چند | ملوک چند | سمت ۳۶۹ ب<br>سنہ ۳۱۲ ع | " | ۱۵۴۰ | ۱۳ سال | |
| ۸۷ | کاہنچند | بکرم چند | سمت ۳۸۲ ب<br>سنہ ۳۲۵ ع | " | ۱۵۲۷ | ایک سال | |
| ۸۸ | رام چندر | کاہنچند | سمت ۳۸۳ ب<br>سنہ ۳۲۶ ع | " | ۱۵۲۶ | ۱۱ سال | |
| ۸۹ | دہیر چند | رامچندر | سمت ۳۹۴ ب<br>سنہ ۳۳۶ ع | " | ۱۵۱۵ | ۱۵ سال | |
| ۹۰ | کلیان چند | دہیر چند | سمت ۴۰۹ ب<br>سنہ ۳۵۲ ع | " | ۱۵۰۰ | ۱۴ سال | |
| ۹۱ | بھیم چند | کلیان چند | سمت ۴۲۵ ب<br>سنہ ۳۶۸ ع | " | ۱۵۰۰ | ۲۶ سال | |
| | ہر چند | بھیم چند | سمت ۴۳۷ ب<br>سنہ ۳۸۰ ع | " | ۱۴۷۲ | ۱ سال | |

| حالات | مدت سلطنت | امتداد زمانہ | دارالسلطنت | سال جلوس | نام پدر | نام فرمانروا | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۱۳ سال | ۱۴۷۱ | دہلی | سمت ۳۳۸ ب / سنہ ۲۸۱ ع | ہرچند | گوبند چند | ۹۳ |
| دس آدمیوں نے پچاسی برس حکومت کی اور جب رانی پیم دیوی مری۔ تو لوگوں نے مل کر ہرپریم فقیر کو گدی پر بٹھایا + | ۱ سال / ۸۵ | ۱۴۵۸ | // | سمت ۴۵۱ ب / سنہ ۳۹۱ ع | زوجہ گوبند چند | رانی پیم دیوی | ۹۴ |
| | ۸ سال | ۱۴۵۷ | // | سمت ۴۵۲ ب / سنہ ۳۹۵ ع | • | ہرپریم۔ | ۹۵ |
| | ۲۰ سال | ۱۴۴۹ | // | سمت ۴۶۰ ب / سنہ ۴۰۳ ع | ہرپریم | گوبند پریم | ۹۶ |
| - | ۱۶ سال | ۱۴۲۹ | // | سمت ۴۸۰ ب / سنہ ۴۲۳ ع | گوبند پریم | گوپال پریم | ۹۷ |
| چار آدمیوں نے اکیاون برس حکومت کی۔ اخیر کو مہاپاتر ریاست چھوڑ کر فقیر ہو گیا۔ یہ خبر سنکر راجہ دہی سین بنگالہ کے راجہ نے دہلی پر قبضہ کر لیا | ۷ سال / ۵۱ | ۱۴۱۳ | // | سمت ۴۹۶ ب / سنہ ۴۳۹ ع | گوپال پریم | مہاپاتر | ۹۸ |
| | ۱۸ سال | ۱۴۰۶ | // | سمت ۵۰۳ ب / سنہ ۴۴۶ ع | • | دہی سین | ۹۹ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۰ | بلاول سین | دہی سین | سمت ۵۲۱ ب<br>سنہ ۴۶۴ ع | دہلی | ۱۳۸۸ | ۱۲ سال | |
| ۱۰۱ | کنور سین | بلاول سین | سمت ۵۳۳ ب<br>سنہ ۴۷۶ ع | 〃 | ۱۳۷۶ | ۱۵ سال | |
| ۱۰۲ | مادھو سین | کنور سین | سمت ۵۴۸ ب<br>سنہ ۴۹۱ ع | 〃 | ۱۳۶۱ | ۱۵ سال | |
| ۱۰۳ | سور سین | مادھو سین | سمت ۵۶۳ ب<br>سنہ ۵۰۶ ع | 〃 | ۱۳۴۶ | ۶ سال | |
| ۱۰۴ | بھیم سین | سور سین | سمت ۵۶۹ ب<br>سنہ ۵۱۲ ع | 〃 | ۱۳۴۰ | ۵ سال | |
| ۱۰۵ | کان سین | بھیم سین | سمت ۵۷۴ ب<br>سنہ ۵۱۷ ع | 〃 | ۱۳۳۵ | ۵ سال | |
| ۱۰۶ | ہر سین | کان سین | سمت ۵۷۹ ب<br>سنہ ۵۲۲ ع | 〃 | ۱۳۳۰ | ۹ سال | |
| ۱۰۷ | گمن سین | ہر سین | سمت ۵۸۸ ب<br>سنہ ۵۳۱ ع | 〃 | ۱۳۲۱ | ۲ سال | |

| نمبرشمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دارالسلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۸ | نرائن سین | کہن سین | سمت ۵۹۰ ب<br>سنہ ۵۳۳ ع | دہلی | ۱۳۱۹ | ۲۷ سال | |
| ۱۰۹ | دمودرسین | نرائن سین | سمت ۶۱۷ ب<br>سنہ ۵۶۰ ع | // | ۱۲۹۲ | ۱۱ سال<br>۱۲۵ | بارہ آدمیوں نے ۱۲۵ برس حکومت کی۔ اخیر کو ارکان ریاست نے راجہ دیپ سنگھ کوہستان کی راجہ سے سازش کرکے دلی میں بلالیا۔ |
| ۱۱۰ | راجہ دیپ سنگھ کوہی | • | سمت ۶۲۸ ب<br>سنہ ۵۷۱ ع | // | ۱۲۸۱ | ۱۷ سال | |
| ۱۱۱ | رن سنگھ | دیپ سنگھ | سمت ۶۴۵ ب<br>سنہ ۵۸۸ ع | // | ۱۲۶۴ | ۱۴ سال | |
| ۱۱۲ | راج سنگھ | رن سنگھ | سمت ۶۵۹ ب<br>سنہ ۶۰۲ ع | // | ۱۲۵۰ | ۹ سال | |
| ۱۱۳ | شیر سنگھ | راج سنگھ | سمت ۶۶۸ ب<br>سنہ ۶۱۱ ع | // | ۱۲۴۱ | ۴۵ سال | |
| ۱۱۴ | ہر سنگھ | شیر سنگھ | سمت ۷۱۳ ب<br>سنہ ۶۵۶ ع<br>۲۷ | // | ۱۱۹۶ | ۴۳ سال | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۵ | جیون سنگھ | ہرسنگھ | سمت ۷۲۶ ب<br>سنہ ۶۶۹ ع<br>سنہ ۵۰ ھ | دہلی | ۱۱۸۳ | ۷ سال ۱۵ | چھ آدمیوں نے ایک سو پانچ برس حکومت کی۔ اخیر کو انکپال تنور نے دلی پر فتح پائی ؛ |
| ۱۱۶ | انکپال تنور | اوکھرسین | سمت ۷۳۳ ب<br>سنہ ۶۷۶ ع<br>سنہ ۵۷ ھ | 〃 | ۱۱۶۷ | ۱۸ سال | |
| ۱۱۷ | باسدیو | انکپال | سمت ۷۵۱ ب<br>سنہ ۶۹۴ ع<br>سنہ ۵۷ ھ | 〃 | ۱۱۵۸ | ۱۹ سال ایک شہر ۱۸ یوم | |
| ۱۱۸ | کنک پال | باسدیو | سمت ۷۷۰ ب<br>سنہ ۷۱۳ ع<br>سنہ ۹۵ ھ | 〃 | ۱۱۳۹ | ۲۱ سال ۳ شہر ۲۸ یوم | |
| ۱۱۹ | پرتھی پال | کنک پال | سمت ۷۹۲ ب<br>سنہ ۷۳۵ ع<br>سنہ ۱۱۷ ھ | 〃 | ۱۱۱۸ | ۱۹ سال ۶ شہر ۱۹ یوم | |
| ۱۲۰ | جیدیو | پرتھی راج | سمت ۸۱۱ ب<br>سنہ ۷۵۴ ع<br>سنہ ۱۳۷ ھ | 〃 | ۱۰۹۹ | ۲۱ سال ۷ شہر ۲۸ یوم | |
| ۱۲۱ | ہرپال | جیدیو | سمت ۸۳۲ ب<br>سنہ ۷۷۵ ع<br>سنہ ۱۵۹ ھ | 〃 | ۱۰۷۷ | ۱۴ سال ۴ شہر ۹ یوم | |
| ۱۲۲ | اودی راج | ہرپال | سمت ۸۴۶ ب<br>سنہ ۷۸۹ ع<br>سنہ ۱۷۳ ھ | 〃 | ۱۰۶۳ | ۲۶ سال ۷ شہر ۱۱ یوم | |

| نمبر شمار | نام فرمانروا | نام پدر | سال جلوس | دارالسلطنت | امتداد زمانہ | مدت سلطنت | حالات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۳ | بجھراج | اودی راج | سمت ۸۷۲ ب<br>سنہ ۸۱۶ ع<br>سنہ ۲۰۱ ھ | دہلی | ۱۰۳۶ | ۲۱ سال ۷ شہر<br>۱۳ یوم | |
| ۱۲۴ | انکپال | بجھراج | سمت ۸۹۴ ب<br>سنہ ۸۳۷ ع<br>سنہ ۲۲۳ ھ | ” | ۱۰۱۵ | ۲۲ سال ۳ شہر<br>۱۶ یوم | |
| ۱۲۵ | رکھپال | انکپال | سمت ۹۱۶ ب<br>سنہ ۸۵۹ ع<br>سنہ ۲۴۵ ھ | ” | ۹۹۳ | ۲۱ سال ۶ شہر<br>۵ یوم | |
| ۱۲۶ | نیکپال | رکھپال | سمت ۹۳۸ ب<br>سنہ ۸۸۱ ع<br>سنہ ۲۶۸ ھ | ” | ۹۷۱ | ۲ سال ۲ یوم | |
| ۱۲۷ | گوپال | نیکپال | سمت ۹۴۰ ب<br>سنہ ۸۸۳ ع<br>سنہ ۲۷۰ ھ | ” | ۹۶۹ | ۱۸ سال ۲ شہر<br>۱۵ یوم | |
| ۱۲۸ | سلکھن | گوپال | سمت ۹۵۸ ب<br>سنہ ۹۰۱ ع<br>سنہ ۲۸۹ ھ | ” | ۹۵۱ | ۲۵ سال ۲ شہر<br>۱۰ یوم | |
| ۱۲۹ | جیپال | سلکھن | سمت ۹۹۰ ب<br>سنہ ۹۲۶ ع<br>سنہ ۳۱۴ ھ | ” | ۹۲۶ | ۱۶ سال ۴ شہر<br>۳ یوم | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۰ | کنورپال | جیپال | سمت ۱۰۰۰ ب<br>سنہ ۹۴۳ ع<br>سنہ ۳۳۲ ھ | دہلی | ۹۰۹ | ۲۹ سال ۹ شہر ۱۱ یوم | |
| ۱۳۱ | انیکپال | کنورپال | سمت ۱۰۲۹ ب<br>سنہ ۹۷۲ ع<br>سنہ ۳۶۲ ھ | 〃 | ۸۸۰ | ۲۹ سال ۶ شہر ۱۸ یوم | |
| ۱۳۲ | بجی پال | انیکپال | سمت ۱۰۵۵ ب<br>سنہ ۱۰۳۲ ع<br>سنہ ۳۹۳ ھ | 〃 | ۸۵۰ | ۲۴ سال یک شہر ۶ یوم | |
| ۱۳۳ | مہی پال | بجی پال | سمت ۱۰۸۳ ب<br>سنہ ۱۰۲۶ ع<br>سنہ ۴۱۷ ھ | 〃 | ۸۲۶ | ۲۵ سال ۲ شہر ۱۳ یوم | |
| ۱۳۴ | اکرپال | مہی پال | سمت ۱۱۰۸ ب<br>سنہ ۱۰۵۱ ع<br>سنہ ۴۴۳ ھ | 〃 | ۸۰۱ | ۲۱ سال ۲ شہر ۱۵ یوم | |
| ۱۳۵ | پرتھی سلج | اکرپال | سمت ۱۱۲۹ ب<br>سنہ ۱۰۷۲ ع<br>سنہ ۴۶۵ ھ | 〃 | ۷۸۰ | ۲۲ سال ۳ شہر ۱۶ یوم<br>۱۹ سال [illegible] یوم | بیس آدمیوں نے چار سو انیس برس سات مہینے اٹھائیس دن حکومت کی۔ اخیر کو بیلدیو چوہان نے فتح پائی + |
| ۱۳۶ | بیلدیو | • | سمت ۱۱۵۲ ب<br>سنہ ۱۰۹۵ ع<br>سنہ ۴۸۹ ھ | 〃 | ۷۵۷ | ۶ سال یک شہر ۴ یوم | |
| ۱۳۷ | امرگنگو | بیلدیو | سمت ۱۱۵۸ ب<br>سنہ ۱۱۰۱ ع<br>سنہ ۴۹۹ ھ | 〃 | ۷۵۱ | ۵ سال ۲ شہر ۵ یوم | |

